اردو (لازمی)	نہم، گوجرانوالہ بورڈ، 2023ء	پہلا گروپ
وقت: 2:10 گھنٹے	(انشائی)	کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

-2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10

(حصہ نظم)

i- گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

ii- صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے — کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

iii- سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی

iv- جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

حصہ غزل

i- نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

ii- ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

iii- ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

حصہ دوم

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔

(الف) جو خطوط اُنھوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں، ان کے ایک ایک حرف سے مہر و محبت خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب لکھنا اپنے ذمے فرض عین سمجھتے تھے۔ ان کا بہت سا وقت دوستوں کو جواب لکھنے میں صرف ہوتا تھا۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ میں اپنے غربت کدے سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تا کہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں۔ آپ نے میرے لیے یہ کمرا وقف کر دیا۔

-4 درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

(i) انسان کب تخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

(ii) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(iii) اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

(iv) بلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

(v) سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

(vi) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(vii) اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(viii) شاعر نے کسے ناداں کہا ہے؟

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

-6 شاملِ نصاب نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

-7 کسی فیکٹری کے منیجر کے نام خط لکھیے جس میں فیکٹری دیکھنے کی اجازت مانگیے۔

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔

-8 "عقل مند بیوی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

یا

دکاندار اور خریدار کے درمیان "مہنگائی" پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

-9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) کتابیں، کاپیاں، رجسٹر سب کچھ جل گئے (ii) لڑکیوں نے کہا ہم کھیلتی ہیں۔

(iii) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔ (iv) ہم کو حج کرنا ہے۔

(v) ہمیں چاہیے کہ ہمت کو نہ ہاریں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) لادو ے لدادے لادنے والا ---------- (ii) بخشی اور ----------

(iii) فقیر کی صورت ---------- (iv) سوت نہ کپاس جولاہے سے ----------

(v) باسی کڑھی میں ----------